NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: ٹیکسٹائل کی حیثیت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے، حسن اقبال

ذریعہ: روزنامہ خبریں، صفحہ-11

تاریخ: جمعتہ المبارک 10 نومبر 2017



فیصل آباد: وفاقی سیکرٹری برائے کامرس اینڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری حسن اقبال میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

ٹیکسٹائل کی حیثیت معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے، حسن اقبال

فخر ہے کہ پاکستان دنیا کے چوتھا بڑا پیدا کرنے والا ملک ہے، وفاقی سیکرٹری برائے ٹیکسٹائل

فیصل آباد (شاف رپورٹر) وفاقی سیکرٹری برائے کامرس اینڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری حسن اقبال نے کہا کہ ٹیکسٹائل کی حیثیت ملکی معیشت میں ریڈھ کی ہڈی کی مانند ہے اور پاکستان کی یہ سب سے بڑی مینوفیکچرنگ انڈسٹری ہے اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ پاکستان دنیا کا چوتھا بڑا کاٹن پیدا کرنے والا ملک ہے اور ایشیا میں ٹیکسٹائل کی برآمدات کا آٹھواں بڑا ملک ہے اور پاکستان کی جی ڈی پی میں بھی ٹیکسٹائل انڈسٹری کا ایک بڑا حصہ ہے ساتھ ہی یہ صنعت پاکستان کے شہریوں کو روزگار مہیا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے ملک کی آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ بل واسطہ یا بلاواسطہ اس شعبے سے تعلق رکھتا ہے یہ بات انہوں نے نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد میں ٹیکنیکل ٹیکسٹائل کے موضوع پر پہلی بین الاقوامی کانفرنس برائے ٹیکنیکل ٹیکسٹائل (آئی سی ٹی ٹی 2017ء) کی افتتاحی تقریب کی صدارت کرتے ہوئے کہی یہ کانفرنس دو دن جاری رہے گی انہوں نے مذید کہا کہ حکومت، ادارے تعلیمی اور صنعت یہ تینوں ستون اس وقت اس کانفرنس کی بدولت ایک جگہ موجود ہیں جو اس بات کا بھی اشارہ ہے کہ ہم اس صنعت کو آگے بڑھانے کا پختہ عزم کر چکے ہیں ان ستون میں تعلیمی اداروں کو ایک قلیدی حیثیت حاصل ہے۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**